# مدنی مذاکرے کے

## تنظیمی و دیگر مدنی پھول



جمادی الاولیٰ ۱۴۳۶ھ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ؕ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ

# دُرُود شریف کی فضیلت

**فرمانِ مصطفٰی** صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم: ''جو مجھ پر ایک بار دُرُود شریف پڑھتا ہے **اللہ** تعالٰی اُس کے لئے ایک قیراط اجر لکھتا ہے اور قیراط اُحد پہاڑ جتنا ہے۔ (مُصَنَّف عبد الرزاق، ۱/۵۱، حدیث: ۱۵۳)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صَلَّی اللہُ تعالٰی علٰی محمَّد

# مَدَنی مُذاکرے کے تنظیمی و دیگر مَدَنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| یکم جمادی الاولیٰ ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 20 فروری 2015ء |

﴿1﴾ تھکن کا ایک علاج یہ ہے کہ نیم گرم پانی سے غسل کرلیا جائے اور سونے سے پہلے تسبیحِ فاطمہ کا وِرْد کیا جائے۔

﴿2﴾ دعوت اسلامی کا شعبہ مدنی چینل اہم اور مشہور ترین ہے۔

﴿3﴾ مدنی چینل میں ایک شعبہ اَمرٌ بِالمَعرُوف بنایا جائے۔ اس کے اراکین کا سنجیدہ ہونا ضروری ہے۔

﴿4﴾ سنجیدگی اَپنایئے مگر یاد رکھئے مُسکرانا سنجیدگی کے خلاف نہیں۔

﴿5﴾ زبان، آنکھ کا قفلِ مدینہ لگانے والے اسلامی بھائی مُسکرانے کی عادت بنائیں تاکہ لوگ آپ کے قریب آئیں۔

﴿6﴾ کسی جگہ مدنی ماحول بنانا چاہتے ہیں تو مذاق مَسخری سے مکمل اِجتناب کیجئے۔

﴿7﴾ قہقہہ لگانا ترک کر دیجئے۔

﴿8﴾ میں نے کبھی بھی مفتی دعوتِ اسلامی مفتی محمد فاروق رَحْمَۃُ اللہِ تعالٰی علیہ کو مذاق مسخری کرتے نہیں دیکھا۔

﴿9﴾ حُسنِ اخلاق کے مدنی پھول: جب بھی کسی سے مِلیں تو آتے جاتے سلام میں پہل کریں۔ سامنے والے

www.dawateislami.net

سے آپ اور جی کہہ کر بات کریں اور زبان سے ''تُو'' نکل جائے تو فوراً ایک بار دُرودِ پاک پڑھنے کی عادت بنالیں۔اُونچی آواز میں بات نہ کی جائے۔بات چیت کے درمیان حسب موقع مُسکرانے کی عادت بنائیں۔مذاق مَسخری،طنز اور دِل آزاری سے بچیں۔جب کسی کی تعزیت یا عیادت کریں تو اپنے چہرے پر غم کے آثار ظاہر کریں۔

﴿10﴾ کارکردگی کا مضبوط نظام ہونا چاہئے۔

﴿11﴾ بیرونِ ملک جب بھی کوئی بڑا مبلغ جائے،اجتماعات کرے تو اجتماع کے شرکاء کو سنبھالنے کے لیے مدنی قافلوں کا سلسلہ بھی ضرور ہو۔

﴿12﴾ اے کاش! دنیا بھر میں میرے جیتے جی مدنی قافلوں کا مدنی جال بچھ جائے۔

﴿13﴾ ایک گناہِ صغیرہ بھی جہنم میں جانے کا سبب بن سکتا ہے۔

﴿14﴾ ماتحت سے غلطی ہو جانے پر جھاڑنے،ڈانٹنے کے بجائے پیار محبت سے سمجھائیں۔

﴿15﴾ جب اللہ عَزَّوَجَلَّ کی نافرمانی کی جاتی ہے تو میرا دَل جلتا ہے۔

﴿16﴾ اگر مدنی قافلے جَدوَل کے مطابق سفر کریں تو مدنی انقلاب آجائیگا۔

﴿17﴾ بیرونِ مُلک مدنی قافلوں میں سفر کی خواہش رکھنے والے عاشقانِ رسول پہلے اپنے مُلک میں رِہ کر مدنی کام کرنے کی عادت بنائیں۔

﴿18﴾ یہ سمجھ لینا کہ ''میں نے بہت مدنی کام کرلیا ہے'' کمزوری کی علامت ہے۔

﴿19﴾ سلام میں پہل کرنا اِزدیادِ حُب (محبت بڑھانے) کا باعث ہے۔

﴿20﴾ بچوں کو ''ٹاٹا'' نہ سِکھایئے بلکہ فِی اَمانِ اللّٰہ،خدا حافظ یا اللہ حافظ یاد کروایئے۔

﴿21﴾ جامعۃ المدینہ کے طلباء (پہلے درجے) سے ہی مدنی کام کرنے کی عادت بنائیں۔

## آف ائیر مدنی مذاکرے کے مدنی پھول

﴿22﴾ جو دو کشتیوں میں پاؤں رکھ کر چلتا ہے،وہ ڈوب جاتا ہے۔دعوتِ اسلامی کو مضبوطی سے پکڑلیں۔یکُ

www.dawateislami.net

دَر گیر مُحکَم گیر (ایک دروازہ پکڑ اور مضبوطی کے ساتھ پکڑ)

﴿23﴾ جو چیز بزرگوں سے مَنْسُوب ہو جائے، اس کا اَدب کرنا کارِ ثواب ہے۔

﴿24﴾ بیانات میں مختلف مدنی کاموں کی نیتیں کروا کر ہاتھ اُٹھوانا اور ہاتھوں ہاتھ نام لکھنا مفید ہے۔

﴿25﴾ کسی بد مذہب کا بیان ہرگز نہ سُنیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲ جمادی الاولیٰ ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 21 فروری 2015ء |

﴿1﴾ ہر اسلامی بھائی ہر ماہ تین دن مدنی قافلے میں ضرور سفر کرے۔

﴿2﴾ ڈاکٹرز کو چاہئے کہ وہ رِضائے الٰہی عَزَّوَجَلَّ کے لیے غریبوں اور سَیِّدوں کا علاج مفت یا رعایت کے ساتھ کیا کریں۔

﴿3﴾ بے پردگی سے بے برکتی ہوتی ہے۔

﴿4﴾ فضول بات وہ ہے جس میں دنیا و آخرت کا فائدہ نہ ہو۔

﴿5﴾ اے کاش ہمیں نفسِ مُطْمَئِنَّہ حاصل ہو جائے۔

﴿6﴾ **اللہ** کرے میرے جیتے جی دنیا کے تمام مدنی مراکز فیضان مدینہ کی تعمیرات مکمل ہو جائیں۔

## آف ائیر مدنی مذاکرے کے مدنی پھول

﴿7﴾ ہماری منزل رِضائے اِلٰہی عَزَّوَجَلَّ حاصل کرنا ہے لہذا ہمیں رضائے الٰہی پانے والے اعمال بَجا لانے ہیں۔

﴿8﴾ اگر کسی مریض کا علاج ڈاکٹر کو نہ آتا ہو تو بلا شرم و جِھجَک کہہ دیں کہ آپ کا علاج مجھے معلوم نہیں، اِس طرح لوگوں کی نظر میں آپ کی قدر بڑھے گی۔

﴿9﴾ سچی بات میں برکت ہی برکت ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۷ جمادی الاولیٰ ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 26 فروری 2015ء |

﴿1﴾ اَلْمَدِیْنَۃُ الْعِلْمِیَّہ دعوت اسلامی کی فَعَّال ترین مجلس ہے۔

www.dawateislami.net

﴿2﴾علمِ دین حاصل کرنا اوراد و وَظائِف پڑھنے سے افضل ہے۔

﴿3﴾مکتبۃ المدینہ کا رسالہ ''جنّتی مَحَل کا سودا'' خرید کر مطالعہ کیجئے۔اس رسالے میں انفرادی کوشش میں کی جانے والی غلطیوں کی نشاندہی کی گئی ہے مزید خوف خدا عَزَّوَجَلَّ کی ایسی باتیں ہیں، جنہیں پڑھ کر آپ کا دل مَچل دہل جائے گا۔

﴿4﴾جب بُزُرگوں کی بارگاہ میں جائیں تو اللہ تَعَالٰی کی رضا کی نیت کرلیا کریں، کوئی دنیاوی مقصد نہ ہو۔

بانیِ سِلْسِلہ سُہر وَرْدیہ شیخ شہاب الدین عمر سہروردی رَحْمَۃُ اللہِ تعالٰی علیہ حضورغوث پاک رَحْمَۃُ اللہِ تعالٰی علیہ کے زمانے کے جلیل القدر بُزُرگ ہیں۔

﴿5﴾سخت چاول بنانے کے بجائے نرم چاول (نرم پلاؤ) بنایا کریں کہ سنت کے مطابق تین انگلیوں سے کھانا آسان ہوگا اور یہ ہضم بھی جلد ہوں گے۔

﴿6﴾ماں کی قدر کریں، اس کا کوئی نِعمَ الْبَدَل نہیں۔

## آف ائیر مدنی مذاکرے کے مدنی پھول

﴿7﴾بُزُرگوں کی تحریر میں برکت ہوتی ہے۔

﴿8﴾عملیات کا شعبہ بہت نازک ہے، اِس میں حُبِّ جاہ (شہرت و مرتبے کی محبت) سے بچنا بہت مشکل ہے۔

﴿9﴾اگر عامل خالی پھونک بھی مارے تو وہ بھی اَثر کرتی ہے۔

﴿10﴾باعمل علُماء ومفتیانِ کرام کی اَشَد ضرورت ہے۔

﴿11﴾شہر میں ایک طَبیب کا ہونا فرضِ کفایہ ہے۔

﴿12﴾تَسْہِیلِ کُتُب کے اسلامی بھائی کو اَمین ہونا چاہیے کہ کتاب میں جو اِعرابی غلطیاں آئیں وہ سب کو بتاتا نہ پھرے۔

﴿13﴾جس کام کی پوچھ گچھ نہ کی جائے تو وہ پہلے کمزور پڑتا ہے پھر مِٹ جاتا ہے۔

www.dawateislami.net

﴿14﴾ لواحقین میں سے ایک ایک فرد کی تعزیت کرنا سُنت ہے۔

﴿15﴾ میں کُتُب ورَسائل لکھنے میں بہت باریک پِنسِل سے کام لیتا ہوں۔

﴿16﴾ بیان کرنا مشکل کام ہے۔

﴿17﴾ دُرست نقل کرنے کیلئے عقل کی حاجت ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۸ جمادی الاولیٰ ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 27 فروری 2015ء |

﴿1﴾ ہمیشہ آخرت کے فائدے والا کام کرنا چاہئے۔

﴿2﴾ اَجیر اسلامی بھائی اپنی تنخواہ میں سے ایک دو دِن کی کٹوتی اِس نیت سے کروادیا کریں کہ شاید کام میں کمی رہ گئی ہو اور کبھی کبھی رَضا کارانہ طور پر ایک دو گھنٹے کام کر دیا کریں۔

﴿3﴾ ہماری زندگی کا مقصد ''رقم جمع کرنا'' نہیں ہونا چاہئے۔

﴿4﴾ مُطالعہ علمِ دین کی جان ہے۔

﴿5﴾ مطالعہ اِس طرح کریں کہ سمجھ میں آئے۔

﴿6﴾ جہاں بھی جائیں ''مدنی حُلیے'' میں جائیں، یہ خاموش تعارف ہے۔

﴿7﴾ چِھپکلی اگر کسی مائع (ایسی پتلی چیز جو بہہ سکتی ہو) شے میں گِر کر پھٹ جائے تو اُس کو زہریلا بنا دیتی ہے اور ایک چھپکلی میں موجود زہر سے سو آدمی مر سکتے ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۹ جمادی الاولیٰ ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 28 فروری 2015ء |

﴿1﴾ کوئی مُبلِّغ بیان کر رہا ہو اور کوئی مُعزَّزِ دینی آجائے تو حاضرین کو اُٹھنا نہیں چاہئے۔

﴿2﴾ اچھی آواز کی تمنا نہ کی جائے کہ اچھی آواز والوں کو حُبِّ جاہ (عزت ومرتبے کی محبت) سے بچنا مشکل ہوتا ہے۔

﴿3﴾ اچھی آواز کی طلب اپنے آپ کو امتحان میں ڈالنے والی بات ہے۔

﴿4﴾ مدنی مُنّے چھوٹے چھوٹے کام اپنے ہاتھ سے کرنا سیکھیں۔

www.dawateislami.net

﴿5﴾ مجھے بچپن میں جیب خرچی کے لیے ایک پیسہ ملتا تھا۔

﴿6﴾ بچوں کو بچپن سے جیب خرچی دینا شروع نہ کریں، گھر میں ہی کھانے کی چیزیں بنا کر دیا کریں۔

﴿7﴾ تلی ہوئی چیزیں کئی بیماریاں پیدا کرتی ہیں۔

﴿8﴾ وطن کی محبت ہونی چاہیے۔

﴿9﴾ اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان رَحْمَۃُ اللہِ تعالٰی علیہ عالمِ ربانی ہیں۔

﴿10﴾ بچوں کو کارٹون نہ دِکھایا کریں، ان کی ضِد کے سامنے ہتھیار نہ ڈال دیں۔

﴿11﴾ مدرسۃ المدینہ کے مدنی مُنّوں سے والدین پوچھتے رہیں کہ کتنا قرآن مجید حِفْظ کرلیا ہے؟ کون سی سنت سیکھی ہے؟ اس طرح ان کی حوصلہ اَفزائی ہوگی۔

﴿12﴾ بچوں کو کھٹی میٹھی ٹافیوں کی عادت نہ ڈالی جائے۔

﴿13﴾ کھجور اور شکر کے پیکٹ بنا کر گھر میں رکھ لیں اور دن میں ایک دو مرتبہ دیا کریں۔

﴿14﴾ بچے کو دوسرے بچے پر ظلم کرنے کی اجازت نہیں۔

﴿15﴾ میری طرف سے مَدَنی مُنّوں کو موبائل فون رکھنے کی اجازت نہیں۔

﴿16﴾ مدنی مُنّوں کو گھر سے مدنی عطیات لانے کی ترغیب دلائیں اور مدنی منے نہ لائیں تو انھیں شرمندہ نہ کریں۔

## آف ائیر مدنی مذاکرے کے مدنی پھول

﴿17﴾ مدنی منوں کی نَس نَس میں سُنیت داخل کریں۔

﴿18﴾ قاری صاحب درجے میں روزانہ ایصالِ ثواب کی ترکیب بنائیں۔

﴿19﴾ قاری صاحِبان مدنی مُنّوں کے سَر پَرَستوں پر انفرادی کوشش کرتے رہیں تاکہ مدنی منے مدرسہ سے فراغت کے بعد بھی مدنی ماحول سے وابستہ رَہیں۔

﴿20﴾ یا اللہ عَزَّوَجَلَّ! جو ناظمین و مدرسین اپنے مدارس و جامعات المدینہ کو خود کفیل بنانے کی کوشش کریں،

www.dawateislami.net

اُن سب کی بے حساب مغفرت فرما اور اُن سب کو اُس وقت تک موت نہ دے، جب تک میٹھا مدینہ نہ دیکھ لیں اور پیارے آقا صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے قدموں میں جنّت البقیع میں جگہ عطا فرما۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۰ جمادی الاولی ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | یکم مارچ 2015ء |

﴿1﴾ مدنی مشورے میں آنے والے اسلامی بھائیوں کے سامنے نہ آنے والوں کو کوسنے کی بجائے آنے والوں کی حوصلہ افزائی کی جائے۔

﴿2﴾ اپنی مجلس کی ضرورت کے اسلامی بھائی خود ڈھونڈیں۔

﴿3﴾ نگران اسلامی بھائی نگران بھی رہے اور خادم بھی۔ (یعنی موقع پڑنے پر اپنے ہاتھ سے خود بھی کام کرے)

﴿4﴾ پُرانے اسلامی بھائیوں کو فعّال کرنے میں وقت لگتا ہے جبکہ نئے نئے اسلامی بھائی جلد مُتَحرِّک ہوجاتے ہیں۔ پُرانوں پر انفرادی کوشش جاری رکھیں اور نئے اسلامی بھائی بھی تلاش کریں، تربیت کریں اور انھیں ذمہ داریاں سونپیں۔

﴿5﴾ میں اپنے گھر، پیر کالونی سے فجر میں فیضانِ مدینہ آتے ہوئے صدائے مدینہ لگاتا تھا۔

﴿6﴾ بغیر مِٹے کام نہیں ہوگا کہ دانہ خاک میں مِل کر گُلِ گُلزار ہوتا ہے۔

﴿7﴾ ٹیسٹ مجلس جُمُعَہ پڑھانے کے اَہل اسلامی بھائی کا ٹیسٹ لینے کے بعد جُمُعَہ پڑھانے کی اِجازت کیلئے مفتی صاحب کے پاس جانے کا مشورہ دیں۔

﴿8﴾ مدنی عطیات مانگنے میں شرمانا نہیں چاہئے ورنہ جامعات ومَدارِسُ المدینہ کیسے چلیں گے؟

﴿9﴾ گجراتی کہاوت کا اُردو ترجمہ ہے: جو بولتا ہے اُس کا سودا بِکتا ہے۔

﴿10﴾ جس پر کوئی ذمہ داری ہو اُس کو اپنے کام کی فکر کرنی چاہئے۔

## آف ائیر مدنی مذاکرے کے مدنی پھول

﴿11﴾ مدنی قافلوں میں جدول پر ضرور عمل ہونا چاہئے۔

www.dawateislami.net

﴾12﴿ مجھے ایسے مدنی قافلے چاہئیں، جس میں سفر کرنے والے اسلامی بھائی واپس آکر دعوتِ اسلامی کو فائدہ دیں۔

﴾13﴿ مدنی قافلے سے لوٹنے والا اِن اوصاف کا حامِل ہوجانا چاہیے، بے نمازی تھا تو جماعت کیساتھ نماز کی عادت بن جائے اور تلاوتِ قرآن کرنے والا اور مدنی قافلوں میں سفر کرنے والا ہو جائے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۱ جمادی الاولیٰ ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 2 مارچ 2015ء |

## آف ائیر مدنی مذاکرہ

﴾1﴿ مفتیِ اعظم پاکستان وَقارُالمِلّت مفتی وقارالدین قادری رَحْمَۃُ اللہِ تعالٰی علیہ بِہاری تھے۔

﴾2﴿ اپنی گفتگو پر غور و فکر کیا کریں کہ میں نے کیا اور کیوں بولا؟

﴾3﴿ لوگوں کی نفسیات کے مطابق کام کریں اور بحث سے گُرَیز کریں۔

﴾4﴿ ایسا بولیں کہ سامنے والے کو آپ کے مزید بولنے کی خواہش ہو۔

﴾5﴿ سنجیدہ اور بااخلاق شخص کی بات ہر کوئی مانتا ہے۔

﴾6﴿ اپنی غلطی کو ماننے کیلئے اَنا (مَیں) کو فنا کرنا ہوگا۔

﴾7﴿ سوال کیا جاتا ہے پوچھا نہیں جاتا کیونکہ سوال کا مطلب ہی پوچھنا ہے۔

﴾8﴿ آپ کو کوئی ایسا فرد نہیں ملے گا جس سے میں نے اپنے نَفْس کی خاطر انتقام لیا ہو۔

﴾9﴿ ہمارا ایک جملہ کسی کو تباہ کرسکتا ہے اور کسی کی نسلوں کو سَنوار سکتا ہے۔

﴾10﴿ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ! عمر بڑھنے کے ساتھ ساتھ میں اپنے اندر نرمی بڑھتی محسوس کررہا ہوں، اللہ عَزَّوَجَلَّ کا اِس پر بے حد شکر ہے۔

﴾11﴿ اللہ عَزَّوَجَلَّ کرے جلد دعوتِ اسلامی کی دارالمدینہ یونیورسٹی بن جائے۔

﴾12﴿ نماز میں خوش اِلحانی کے بجائے دُرست خوانی کی کوشش کیجئے۔

﴾13﴿ اُستاذ کو اپنے طلباء کی نفسیات پر کُھنا آنا چاہیے۔

www.dawateislami.net

﴿14﴾ سندِ حدیث کی طرح درسِ نظامی اور تخصص سے فراغت کی سند پر اعلیٰ حضرت رَحْمَۃُ اللہِ تعالیٰ علیہ اور دعوتِ اسلامی کے بارے میں حلفًا دستخط لینے چاہئیں تاکہ آئندہ کوئی مسئلہ نہ ہو۔

﴿15﴾ دعوتِ اسلامی کے مُدرس کو اعلیٰ حضرت رَحْمَۃُ اللہِ تعالیٰ علیہ کے ''اَقُول'' پر آنکھیں بند کرنے والا ہونا چاہئے۔ اِحیاءُ العلوم انسان بنانے والی کتاب ہے۔

﴿16﴾ میں نے اعلیٰ حضرت رَحْمَۃُ اللہِ تعالیٰ علیہ کے ٹکڑے کھائے ہیں، اِس لئے اُن کے گُن گاتا ہوں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۲ جمادی الاولیٰ ۱۴۳٦ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 3 مارچ 2015ء |

# آف ائیر مدنی مذاکرہ

﴿17﴾ دو کا اِشارہ کرتے ہوئے ''وِی'' کا اِشارہ نہ بنائیں کہ یہ ایک سیاسی نعرے کا اِشارہ ہے۔

﴿18﴾ ہم اپنے بدن کے مالک نہیں ہیں کہ اِس پر غیر شرعی تَصَرُّفات کریں۔

﴿19﴾ جس کا ہاتھ چوما جاتا ہے اُس کو ایسی لذّت حاصل ہوتی ہے جو کسی غذا سے نہیں ملتی۔

﴿20﴾ اپنے ہاتھ چُموانیوالا اپنے آپ کو امتحان پر پیش کرتا ہے۔

﴿21﴾ کردار کی نیکی کی دعوت سب سے زیادہ اہم ہے کیونکہ کردار کی نیکی کی دعوت گُفتار کی نیکی کی دعوت سے زیادہ مُتاثّر کُن ہے۔

﴿22﴾ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ! دعوتِ اسلامی نے ہمیں بہت کچھ دیا ہے، اگر کوئی ہمیں سونے کا ڈھیر بھی دے تو دعوتِ اسلامی کو چھوڑ کر اُس طرف نہیں جانا۔ اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ

﴿23﴾ سوشل میڈیا لاعلاج مرض ہے۔

﴿24﴾ میری خواہش ہے کہ ساری شوریٰ مدنی اسلامی بھائیوں پر مُشتمل ہو۔

﴿25﴾ اپنی مَصلِحَتیں نہ چلائیں بلکہ مدنی مرکز کے طریقہ کار کے مطابق مدنی کام کریں۔

﴿26﴾ مجھے طلباء و عُلماءِ دین سے پیار ہے۔

www.dawateislami.net

| ۱۳ جمادی الاولیٰ ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 4 مارچ 2015ء |
|---|---|---|

﴿1﴾ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رحمت سے قفلِ مدینہ لگانے والے طَلَباء پڑھتے بھی ہیں اور مدنی کام بھی کرتے ہیں۔

﴿2﴾ کاش! طَلَباء اور اساتذہ سفید چادر اُوڑھ کر پڑھیں اور پڑھائیں۔

﴿3﴾ مُبَلِّغ جہاں بھی جائے مبلغ ہی ہوتا ہے۔

﴿4﴾ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ ! میں بیدار ہو کر بھی مسواک کرتا ہوں۔

﴿5﴾ شیروانی کالر مدنی حُلیے میں شامل ہے مگر مجھے طبعی طور پر پسند نہیں۔

﴿6﴾ اگر کوئی مسلمان ہونے کا کہے تو اُسے فوراً مسلمان کرنا فرض ہے۔

﴿7﴾ مفتی قاسم صاحب مُدَّظِلُّہُ العَالِی کا ہفتہ وار اجتماعات میں المدینۃ العلمیہ کا تیار کردہ بیان کرنا متاثر کُن ہے۔

| ۱۶ جمادی الاولیٰ ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 7 مارچ 2015ء |
|---|---|---|

﴿1﴾ درود و سلام کثرت سے پڑھنا چاہئے، جتنا پڑھیں کم ہے۔

﴿2﴾ رسالہ ''جوانی کیسے گزاریں؟'' کھانا پینا چھوڑ کر پڑھنے والا ہے۔

﴿3﴾ ہر اسلامی بھائی اور بہن رسالہ ''جوانی کیسے گزاریں؟'' کم از کم بارہ عدد خرید فرما کر جوانوں بلکہ تمام مدارس المدینہ، جامعۃ المدینہ، اسکولوں اور کالجوں میں لنگر (تقسیم) کریں۔

﴿4﴾ میرے خاندان کے زیادہ افراد کولمبو میں ہیں۔

﴿5﴾ پشتو رَسائل اردو سے زیادہ لنگر (تقسیم) کرنے کی حاجت ہے۔

﴿6﴾ یہ بھی اللہ تَعَالٰی کا کرم ہے کہ ہم نیکیاں کریں تو وہ خوش ہوتا ہے۔

﴿7﴾ بارہ روزہ مدنی کورس ''کردار ساز'' ہے۔

﴿8﴾ تمام مُشاوَرتوں اور شُعبوں کے نگران و ذمہ داران (ذیلی تا شوریٰ) ہر ماہ تین دن کے مدنی قافلوں میں سفر کیا کریں، پہلے سے طے کر کے دوسروں کو دعوت دیں گے تو بہت فائدہ ہوگا۔ (تمام دعوت اسلامی والے اسی طرح کریں)

www.dawateislami.net

﴾9﴿ مجھے مدنی قافلوں اوران کے مسافروں سے پیار ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۳ جمادی الاولیٰ ۱٤۳٦ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 14 مارچ 2015ء |

﴾1﴿ اچھی اچھی نیتوں کے ساتھ بھی چڑیا گھر نہیں جانا چاہئے کہ وہاں مردوں عورتوں کا اِخْتِلاط ہوتا ہے۔

﴾2﴿ بُزُرگانِ دین ہر قسم کی چیزیں دیکھ کر عبرت کے مدنی پھول چُن لیتے تھے۔

﴾3﴿ کسی شہر میں کوئی وَبا پھیل جائے تو آبادی کے باہر اذانیں دی جائیں اور صدقہ وخیرات کی کثرت کی جائے۔

﴾4﴿ جان کے صدقے میں بکرا اور اس کی اِستِطاعت نہ ہو تو مرغی ذَبْح کی جائے کہ جان کے صدقے میں ''خون بہانا'' بہتر ہے۔

﴾5﴿ دنیا میں لاکھوں کروڑوں لوگ کسی نہ کسی طرح دعوتِ اسلامی سے وابستہ ہیں۔

﴾6﴿ مدینۃ الاولیا چٹا گانگ کے سنتوں بھرے اجتماع میں مدینۃ الاولیاء ملتان کے بین الاقوامی سنتوں بھرے اجتماع کی جَھلَک تھی۔

﴾7﴿ پاکستان میں رمضان ۱٤۳٦ھ میں ۳۰ دن کا اعتکاف ۱۲٦ مقامات اور آخری عشرے کا چار ہزار مقامات پر کرنے کا ہدف ہے۔

﴾8﴿ دعوتِ اسلامی والوں کا موبائل فون کے ذریعے گروپ فوٹو بنوانا حَماقت ہے۔ اس سے دعوت اسلامی پر تَنْقِید کا دروازہ کھلتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۳۰ جمادی الاولیٰ ۱٤۳٦ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 21 مارچ 2015ء |

﴾1﴿ مکتبۃ المدینہ کا رسالہ ''احترام مسلم'' پڑھ کر ایک غیر مسلم مسلمان ہوگیا، اس کا مطالعہ کیجئے اور دھوم دھام سے اس کو لنگر (تقسیم) کیجئے۔

﴾2﴿ اللہ والوں کے دلوں پر اللہ تعالیٰ کی رحمتوں اور انوار تجلیات کی بارش ہوتی ہے۔

﴾3﴿ لال بیگ نقصان پہنچانے والا کیڑا ہے، اسے مارنا جائز ہے۔

www.dawateislami.net

﴿4﴾ گناہوں کی بیماری لگ جائے تو اس کے علاج کے لیے مدنی مرکز فیضان مدینہ بہترین ''اسپتال'' ہے۔

دعوت اسلامی کا مدنی کام کرنے والے عالم مجھے بہت پسند ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۸ جمادی الاولیٰ ۱٤۳٦ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 28 مارچ 2015ء |

﴿1﴾ مجلِس عُشر و اطراف گاؤں اور کسان مکتبۃ المدینہ کے رسالہ ''عُشر کے احکام'' کا مطالعہ کریں، بہت مفید ہے۔

﴿2﴾ آجکل گناہوں کا سیلاب آیا ہوا ہے اللہ تعالیٰ ہمیں گناہوں سے بچائے۔

﴿3﴾ جس جس گناہ کا صُدور ہو سکتا ہے اس کے بارے میں معلومات ہونا ضروری ہے۔

﴿4﴾ ہر ایک کو اپنے اپنے دائرہ کار میں تو شہرت و عزت ملتی ہے لیکن یہ خواہش رکھنا کہ میری شہرت و عزت بڑھ جائے اچھا نہیں۔

www.dawateislami.net